## سوال

(513) تشہد میں شہادت کی انگلی کو کس وقت حرکت دی جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تشہد میں شہادت کی اُنگلی کو کس وقت حرکت دی جائے ۔ اَشْھَدُ اَن لَّاۤ اِلٰہ اِلاَّ اللّٰہُ پر یا جیسے ہی التحیات شروع کریں ۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تشہد بیٹھتے التحیات شروع کرتے ہی اُنگلی اُٹھالے کیونکہ حدیث میں آیا ہے :

((اِذَا جَلَسَ لِلتَّشَھُّدِ رَفَعَ اِصْبَعَہُ السبابۃ)) (صحیح مسلم)

''جب آپ تشہد کے لیے بیٹھتے تو شہادت کی اُنگلی اُٹھاتے ۔'' اور نحو ذلک من الأَلفاظ ، اِلاَّ اللّٰہُ پر اُنگلی اُٹھانے کی کوئی آیت یا صحیح حدیث مجھے معلوم نہیں ۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

## [کتاب الصلاۃ جلد 1]